ملفوظات
مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

کنز الایمان۔ فتاویٰ رضویہ۔ احکام شریعت۔ حدائق بخشش۔ الامن والعلیٰ۔

شمع شبستانِ رضا جیسی شاہکار کتابوں کے مصنف

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ کی شاہکار تصنیف

مولانا احمد رضا خان بریلوی رحمتہ اللہ علیہ

ناشران

بک کارنر پرنٹرز پبلشرز مین بازار جہلم

فون نمبر دوکان: 624306 فون نمبر رہائش: 614977

ای میل: Bookcornerjm@yahoo.co.in

نام کتاب .... ملفوظات

مصنف .... مولانا احمد رضا خان بریلویؒ

سرورق .... امر شاہد

مطبع .... فرینڈز پرنٹرز، جہلم

ہدیہ .... -/[illegible] روپے

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شانِ اسلام، اُردو بازار لاہور

مکتبہ رحمانیہ، اقراء سنٹر اُردو بازار لاہور

شبیر برادرز، اُردو بازار لاہور

علم و عرفان پبلشرز، اُردو بازار لاہور

خزینہ علم واَدب، اُردو بازار لاہور

رحمٰن بک ہاؤس، اُردو بازار کراچی

ضیاء الدین پبلی کیشنز، نزد شہید مسجد کھارادر کراچی

ادارۃ الانور، جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ خدیجۃ الکبریٰ، شاہ زیب ٹیرس (کتاب مارکیٹ) اُردو بازار کراچی

دوسری حدیث نص صریح ہے کہ فرمایا:

اَلْمَدِیْنَۃُ اَفْضَلُ مِنْ مَکَّۃَ

مدینہ مکہ سے افضل ہے۔

درتفاوت ثواب کا جواب باصواب شیخ محقق عبدالحق دہلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کیا خوب دیا کہ مکہ میں کمیت زیادہ ہے اور مدینہ میں کیفیت یعنی وہاں مقدار زیادہ ہے اور یہاں قدر افزوں۔ جیسے یوں سمجھیں کہ لاکھ روپیہ زیادہ کہ پچاس ہزار اشرفیاں، گنتی میں دونے ہیں اور مالیت میں یہ دس گنی۔ مکہ معظمہ میں جس طرح ایک نیکی لاکھ نیکیاں ہیں یوں ہی ایک گناہ لاکھ گناہ ہیں اور وہاں گناہ کے ارادے پر بھی گرفت ہے، جس طرح نیکی کے ارادے پر ثواب۔ مدینہ طیبہ میں نیکی کے ارادے پر ثواب اور گناہ کے ارادے پر کچھ نہیں۔ اور گناہ کرے تو ایک ہی گناہ اور نیکی کرے تو پچاس ہزار نیکیاں، عجب نہیں کہ حدیث میں خَیْرٌ لَّھُمْ کا اشارہ اسی طرف ہو کہ ان کے حق میں مدینہ ہی بہتر ہے۔

مؤلف: حضرت محدث سورتی رحمۃ اللہ علیہ کے وصال شریف کا ذکر تھا، اُن کے محاسن کا ذکر فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: قیامت قریب ہے، اچھے لوگ اٹھتے جاتے ہیں جو جاتا ہے اپنا نائب نہیں چھوڑتا (پھر فرمایا) امام بخاری نے انتقال فرمایا: نوے ہزار شاگرد محدث، سیدنا امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انتقال فرمایا، نوے ہزار مجتہدین اپنے شاگرد چھوڑے۔ محدث ہونا علم کا پہلا زینہ ہے اور مجتہد ہونا آخری منزل اور اب ہزار مرتے ہیں اور ایک بھی نہیں چھوڑتے۔ امام بخاری نے ایک مرتبہ خواب میں دیکھا کہ میں حضور اقدس ﷺ کی مگس رانی کر رہا ہوں۔ خواب دیکھ کر پریشان ہوئے کہ مکھی تو جسم اقدس پر بیٹھتی ہی نہ تھی۔ علماء نے تعبیر فرمایا: بشارت ہو تمہیں کہ احادیث میں غلط ہوگیا ہے تم اسے پاک صاف کرو گے۔

عرض: حضور احادیث میں غلط کس نے کر دیا، اس کی کیا وجہ ہوئی۔

ارشاد: خدا ناترسوں نے اکثر احادیث میں کچھ کا کچھ کر دیا ہے۔ ایک مرتبہ ایک شخص نے مجلس وعظ میں بڑی لمبی چوڑی حدیث پڑھی جس کی شروع سند میں تھا: حدثنا احمد بن حنبل و یحیی بن معین۔ احمد بن حنبل اور یحیی بن معین نے ہم سے حدیث بیان کی۔ اتفاق کی بات کہ یہ